SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

# فیملی کونسلنگ۔مرکز برائے نوجوانان

## ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

### یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 2016/679 کا آرٹیکل 13۔جی ڈی پی آر

اس دستاویز کے ساتھ موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، فیملی کونسلنگ۔مراکز برائے نوجوانان کی سرگرمیوں کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

**ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں**

#### قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

جو ذاتی اور خاص نوعیت کی معلومات (صحت یا جنسی زندگی سے متعلق) طلب کی جاتی ہیں وہ ہیلتھ سروسز مہیا کرنے اور ان کے انتظامات کے لیے ضروری ہوتی ہیں اور پیشہ ورانہ صیغہ رازی، دفتری رازداری اور پرائیویسی کے قانون کے اصولوں کے مطابق، واضح طور پر فیملی کونسلنگ۔مراکز برائے نوجوانان کے عملے کے مجاز اہلکار استعمال کرتے ہیں۔

قانون کے مطابق مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے، ذاتی ڈیٹا اور صحت کے بارے معلومات کے استعمال کے لیے موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو **متعلقہ شخص سے رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے:**

- صحت اور جسمانی حفاظت اور معاشرتی بہبود کا تحفظ؛
- علاج کے بارے انتظامی، محکمہ جاتی اور اکاؤنٹنگ کے فرائض کے لیے؛
- صحت کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی، کنٹرول اور تشخیص؛
- جذباتیت اور جنسیت کے بارے صحت کی تعلیم؛
- حمل کی نگرانی؛
- نفسیاتی، امراض نسواں اور زچگی کے متعلق مشاورت؛
- وبائی بیماریوں کا مطالعہ اور شماریاتی سرگرمیوں کے لیے؛
- سرٹیفیکیشن کے عمل کے لیے
- شکایات/تنازعات یا قانونی چارہ جوئی کے لیے

استعمال کی جانے والی ڈیٹا میں پیدا ہونے والے بچے کی معلومات بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

اس کے علاوہ صحت کے بارے دیگر ڈیٹا کا استعمال صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب متعلقہ شخص کو ایک اضافی معلوماتی نوٹ دیا جاتا ہے اور وہ اس کی رضامندی ظاہر کرے (مثال کے طور پر سائنسی تحقیق کے مقاصد کے لئے، قبل از پیدائشی جینیاتی ریسرچ کے لیے ہسپتال کے اندرونی "برتھ پاتھ")

#### یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے

مذکورہ بالا مقاصد حاصل کرنے کے لیے اور قانون کے طے کردہ قوائد کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کو سرکاری اور نجی اداروں، محکموں اور تحقیقی اداروں سے شیئر کیا جاسکتا ہے (مثال کے طور پر مریض کے علاج معالجے کے لیے تشخیص میں معاون ادارے، سوشل سروسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اور جوڈیشل اتھارٹی)۔

**موڈنا کے صوبہ میں کسی ایک فیملی کونسلنگ سینٹر میں سروسز کے حصول کے موقع پر اکٹھا کیا گیا ڈیٹا کسی دوسرے فیملی کونسلنگ سینٹر میں جانے کی صورت میں وہاں بھی قابل رسائی ہو سکتا ہے تا کہ** علاج اور مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنایا جا سکے۔ علاقے کے دیگر **فیملی کونسلنگ سینٹرز میں مراکز برائے نوجوانان کے بارے اکٹھی کی گئی معلومات اور رضاکارانہ اسقاط حمل سے متعلق ذاتی ڈیٹا کو قابل رسائی نہیں بنایا جائے گا۔**

#### ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے تا کہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جا سکے۔

ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے

#### متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena